© rasailojaraid.com



لیکن ہم نے یوں سنا ہے کہ صاحب زادہ یعقوب علی خان ، محبوب الحق اور معین قریشی بھی کاکڑ صاحب کی واپسی کے ساتھ ہی امریکہ سے واپس آئے ہیں اللہ کے علم میں ہے۔ یہ سب کچھ دیکھا سنا اور پڑھا ہوا سچ ہوتا یا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

واللہ خلقکم وماتعملون (القرآن)
اللہ نے تمہیں بھی پیدا کیا اور جو کچھ تم کرتے ہو

ابوالاسرار رمزی

# نبی ﷺ کا صحابیؓ

بیاباں کی تپتی زمیں سے گزرتا
چٹانوں کے سینہ پہ چڑھتا اترتا
شہادت نہ ملنے پہ افسوس کرتا

چلا جا رہا ہے نبی کا صحابی

گلے میں حمائل مقدس صحیفہ
زباں پہ ھوالقاھر کا وظیفہ
سفر کر رہا ہے زمیں کا خلیفہ

چلا جا رہا ہے نبی کا صحابی

جبیں پر پسینے کی موج آفتابی
لبوں پر تبسم گلابی گلابی
نظر انقلابی، قدم انقلابی

چلا جا رہا ہے نبی کا صحابی

© rasailojaraid.com